# دادی کے ساتھ چھٹیاں

Violet Otieno

Catherine Groenewald

Samrina Sana

4

اردو ur

اُوڈونگو اور ایپیو شہر میں اپنے والد کے ساتھ رہتے تھے۔ اُنہیں چھٹیوں کا انتظار تھا۔ نہ صرف اس لیے کہ سکول بند ہو بلکہ وہ اپنی دادی کے گھر جا سکیں۔ وہ ایک بڑی ندی کے کنارے مچھلیاں پکڑی جانے والی گاؤں میں رہتی تھیں۔

اُوڈونگو اور ایپیو بہت خوش تھے کیونکہ اُنہیں ایک بار پھر سے اپنی دادی کے گھر جانا تھا۔ ایک رات پہلے اُنہوں نے اپنا سامان باندھا اور گاؤں جانے کے لمبے سفر کے لیے تیار ہوئے۔ وہ پوری رات سو نہیں سکے اور چھٹیوں کے بارے میں باتیں کرتے رہے۔

اگلی صبح جلد ہی وہ اپنے ابو کی گاڑی میں گاؤں کے لیے روانہ ہوئے۔ وہ پہاڑوں، جنگلی جانوروں اور چائے کے پودوں کے پاس سے گزرے۔ اُنہوں نے گاڑیاں گنیں اور گانے گائے۔

تھوڑی دیر بعد بچے تھک گئے اور سو گئے۔

والد نے اُوڈونگو اور ایپیو کو اُٹھایا جب وہ گاؤں پہنچ گئے۔ وہاں اُنہیں نیر کنیڈا، اُن کی دادی درخت کے نیچے چٹائی پر آرام کرتی ہوئی ملیں۔ نیر کنیڈا کا مطلب لو زبان میں کنیڈا کے لوگوں کی بیٹی ہے۔ وہ ایک مضبوط اور خوبصورت عورت تھی۔

نیئر کنیڈا نے اُن کو اپنے گھر میں خوش آمدید کہا اور کمرے میں خوشی سے اُن کے گرد جھومی اور گئی۔ اُس کے پوتے اُسے شہر سے لائے ہوا تحفہ دینے کے لیے بہت بےتاب تھے۔ پہلے میرا تحفہ کھولیں۔ اُوڈونگو نے کہا۔

نہیں، پہلے میرا تحفہ ایپیو نے کہا۔

تحفے کھولنے کے بعد نہیر کنہیڈا نے اپنے پوتے اور پوتی کو روایتی انداز میں دُھ دی۔

اُوڈونگو اور ایپیو باہر چلے گئے۔ اُنہوں نے تتلیوں اور پرندوں کا پیچھا کیا۔

وہ درخت پر چڑھے، اور ندی میں پنی اُڑلایا۔

جب اندھیرا ہو گیا تو وہ کھانے سے پہلے گھر آگئے۔ کھانے کے دوران ہی اُنہیں نیند آنے لگی۔

اگلے دن بچوں کے ابو بچوں کو نیئر کنیڈا کے پاس چھوڑ کر شہر کے لیے
واپس آگئے۔

اُوڈونگو اور ایپیو نے گھر کے کاموں میں اپنی دادی کی مدد کی۔ وہ پانی لاتے، آگ کے لیے لکڑی لاتے۔ اُنھوں نے انڈے اور چوزے اکٹھے کیے اور باغیچے سے سبزہ چنتے۔

نیر کنیڈا نے اپنے بچوں کو لکڑی سے اُبلی ہوئی مکئی کھانا سیکھایا۔ اُس نے اُنہیں سیکھایا کہ مچھلی کے ساتھ ناریل چاول کیسے کھائے جاتے ہیں۔

ایک صبح اُوڈونگو اپنی دادی کے ساتھ گائیں کو چرانے لے گیا۔ وہ ہمسایوں کے باغچے میں بھاگ گئیں۔ کسان اُوڈونگو سے کافی غصہ تھا۔ اُس نے اُسے گائیں کے فصلیں کھانے پر بہت دھمکایا۔ اُس دن کے بعد اُس نے یقینی بنایا کہ گائیں دوبارہ کسی مصبیت میں نہ پھنسیں۔

ایک اور دن بچے نیر کنیڈا کے ساتھ بازار گئے۔ وہاں اُس نے سبزیاں، چینی اور صابن بیچنے کے لیے ٹھیلہ لگایا۔ ایپیو خریداروں کو چیزوں کی قیمت بتاتی اور اُوڈونگو اُن کے خریدے ہوئے سامان کو باندھتا۔

دن کے ختم ہونے پر اُنھوں نے مل کر چائے پی۔ اُنھوں نے کمائے ہوئے پیسوں کو گننے میں اپنی دادی کی مدد کی۔

لیکن بہت جلدی چھٹیاں ختم ہو گئیں اور بچوں کو اب شہر واپس جانا تھا۔ نانی کنیڈا نے اُوڈونگو کو ایک ٹوپی اور ایپیو کو ایک جرسی دی۔ اُس نے اُن کے سفر کے لیے کھانا باندھا۔

جب اُن کے ابو اُنہیں لینے آئے وہ جانا نہیں چاہتے تھے۔ بچوں نے نانی سے کنیڈا کی منت کی کہ وہ اُن کے ساتھ شہر چلیں۔ میں شہر کے لیے بہت بوڑھی ہوں اُس نے مسکرا کر کہا۔ میں تمہارا دوبارہ گاؤں آنے کے لیے انتظار کروں گی۔

اُوڈونگو اور ایپیو دونوں نے اُنہیں زور سے گلے لگایا اور الوداع کہا۔

اُوڈونگو اور ایپیو سکول واپس گئے، اُنھوں اپنے دوستوں کو گاؤں کی زندگی کے بارے میں بتایا۔ کچھ بچوں نے محسوس کیا کہ شہر کی زندگی بہتر ہے لیکن اُن میں سے تقریباً سب نے اس بات کو کہا کہ اُوڈونگو اور ایپیو کی دادی بہت شاندار ہیں!

# Global Storybooks

globalstorybooks.net

## دادی کے ساتھ چھٹیاں


Violet Otieno
Catherine Groenewald
Samrina Sana


CC BY